مطبوعات

LANDMARKS OF JIHAD
جہاد کے امتیازی نشانات

تالیف: لفٹیننٹ کرنل ایم۔ ایم قریشی صاحب۔ شائع کردہ: شیخ محمد اشرف کشمیری بازار، لاہور۔ قیمت ۲۵ روپے۔ صفحات ۳۶۷۔

اسلام نے انسانیت کو جو دوسرے بہت سے حیات آفریں تصورات دیئے ہیں اُن میں جہاد کا تصوّر غیر معمولی نمایاں خصوصیات کا حامل ہے۔ اس تصوّر کی وجہ سے جنگ خیر اور بھلائی کی عملداری کے لیے مقدس جدوجہد کا ایک حصّہ قرار دی گئی۔ چنانچہ اس نئے مفہوم کے تحت اس کے ارفع و اعلیٰ مقاصد متعین ہوئے اور جنگ انسانی فلاح و بہبود، امن عامہ کے تحفظ، کمزوروں کی دادرسی اور انسان پر انسان کی خدائی اور جور و جفا کے استیصال کا ذریعہ قرار پائی۔ اس کے علاوہ جنگ لڑنے کے لیے ایسے نئے قوانین اور ضابطے معرضِ وجود میں آئے جن کی وجہ سے اس میں درندگی اور بہیمیت کا خاتمہ ہوا اور یہ ایک غیر انسانی فعل بننے کے بجائے ایک مہذب عمل قرار پائی۔

جنگ کا یہ نیا اخلاقی تصور صرف فلسفے تک محدود نہ رہا بلکہ مسلمانوں نے اس نئے تصور کے مطابق مختلف جنگیں لڑیں اور اپنے عمل سے اس بات کی شہادت فراہم کی کہ قوت کو نیک مقاصد کے حصول کے لیے کس طرح استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس موضوع پر یوں تو بے شمار اہلِ قلم نے ماضی میں لکھا ہے مگر حال میں بعض اُونچے منصب پر فائز فوجی افسروں نے جو فنِ حرب کا وسیع تجربہ بھی رکھتے ہیں اس موضوع پر قیّ

(بقیہ: اسلام میں حلال و حرام کا تصور)

نہ ہو۔ یہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے فقیہانہ کمال کا ایک نمونہ ہے۔ اسی سے یہ عظیم و مفید قاعدہ مقرر کیا گیا ہے کہ کوئی عبادت شرعی طور پر جائز نہیں ہو سکتی جب تک اللہ تعالیٰ نے خود اُسے شریعت قرار نہ دیا ہو اور معمولاتِ زندگی میں سے کسی کو حرام نہیں کہا جا سکتا جب تک کہ خود اللہ تعالیٰ نے اُسے حرام نہ کہہ دیا ہو۔

حربی تحقیقات کی روشنی میں قلم اٹھایا ہے ۔ زیر تبصرہ کتاب اس موضوع پر تازہ ترین کامیاب کاوش ہے ۔ فاضل مصنف نے سب سے پہلے جہاد کے موضوع پر بڑے علمی انداز میں بحث کی ہے اور جہاد کی نمایاں خصوصیات کو نہایت اچھے انداز میں واضح کیا ہے ۔ اس کے بعد انہوں نے ان خصوصیات کی روشنی میں چودہ جنگوں کا جائزہ لیا ہے جن میں جنگِ اُحد، جنگ یرموک اور جنگ قادسیہ بھی شامل ہیں ۔

فاضل مصنف نے مواد کی فراہمی، اس کی ترتیب و تدوین اور اس سے استنباط میں بڑی عرق ریزی اور دیدہ وری کا ثبوت دیا ہے ۔

یہ کتاب ہمارے علمی سرمائے میں قابلِ قدر اضافہ ہے ۔ اس کاوش کے لیے کتاب کے فاضل مصنف اور ناشر دونوں ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں ۔

تعلیماتِ اسلامیہ | تالیف مولانا محمد بن اسمٰعیل السلفی، استاذ علوم اسلامیہ سنٹرل ٹریننگ کالج، لاہور

ناشر: المکتبۃ السلفیہ، شیش محل روڈ، لاہور ۲ ۔ قیمت ۔ ۴۵ ۔ صفحات ۲۸۸ ۔

زیر تبصرہ کتاب اگرچہ بی ایڈ کے نصاب کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر لکھی گئی ہے لیکن اس سے عام قارئین بھی اچھا خاصا فائدہ اٹھا سکتے ہیں ۔ اس کے مباحث اتنے جامع ہیں کہ ان میں اسلام کی پوری تعلیمات سمٹ کر آجاتی ہیں ۔ آخر میں عربی زبان کے بنیادی قواعد کو بڑے اختصار کے ساتھ قلمبند کر دیا گیا ہے ۔ کتاب کے مصنف معروف عالم دین مولانا محمد اسماعیل صاحب السلفی رحمۃ اللہ علیہ کے خلف الرشید ہیں اور سلامتی فکر کے ساتھ ٹھوس دینی معلومات بھی رکھتے ہیں ۔

کتاب کا معیارِ طباعت و کتابت اچھا ہے ۔